زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ پابندی کے باوجود ڈھاکہ میں قائم پاکستانی سفارت خانہ شراب کا مقرر کردہ کوٹہ استعمال کراتا ہے (بنگلہ دیشی سفارت کار)

یہ مسلماں ہیں جنھیں دیکھ کے شرمائیں یہود

☆ عاصمہ جہانگیر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی صدر بن گئیں (ایک خبر)

بہت کچھ بن کے بھی تو پھر وہی عورت کی عورت ہے　　چراغِ خانہ ہی بن کر نباہ لیتی تو اچھا تھا

☆ حج کرپشن، عمارتیں کرایہ پر لینا وزیر نہیں، کمیٹی کا کام ہے (وزیر مذہبی امور حامد سعید کاظمی)

وزیر تو صرف وزارت کے ہلارے لینے کے لیے ہوتا ہے

☆ بدنیت تو ہو سکتا ہوں، کرپشن نہیں کر سکتا (حامد سعید کاظمی)

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی۔

☆ پارلیمنٹ وہ کام کر دکھائے گی جو کسی پارلیمنٹ نے نہیں کیا (گیلانی)

غریب کے لیے جینا دوبھر کر دیا جائے گا

☆ مشرف کا پینا پلانا کسی سے چھپا نہیں (جنرل (ر) خواجہ ضیاء الدین)

جتنے شراب زادے ہیں اسلام کے خلاف　　ان بزدلوں کی ہر کہیں توہین چاہیے

☆ جی ایس ٹی سے مہنگائی میں اضافہ نہیں، کمی ہوگی (قمر زمان کائرہ)

گلا گھونٹنے سے بندہ مرے گا نہیں، صحت بحال ہوگی

☆ امریکہ نے آسیہ کو پناہ دینے کی پیشکش کر دی (ایک خبر)

ڈاکٹر عافیہ کو قید کی سزا سنا دی۔

☆ قانون توہین رسالت بدلنے کے لیے کمیٹی قائم (ایک خبر)

سوروں کا لشکر، درندوں کی ڈار　　بدلنے چلی ہے خدا کا نظام

☆ امریکہ کا ساتھ چھوڑ دیں تو امن کی گارنٹی کون دے گا؟ (قمر زمان کائرہ)

یا ناصر امریکہ یا حافظ امریکہ

☆ قانونِ توہینِ رسالت کالا قانون ہے (گورنر سلمان تاثیر)

کالی عینک، کالی کار، کالی شکل، کالا کردار، تبرّا ہے بے شمار، لعنتِ خدائے قہار و جبار